# 29.12.2021

## حیسکو چیف ایگزیکٹوآفیسر نوراحمد سومرو کی ہدایات پر پورے حیسکو ریجن کے علاقوں میں بجلی چوروں کے خلاف بڑے پیمانی پر کریک ڈاؤن جاری ہے۔ میر پور خاص اور نوابشاہ کے علاقوں وگردونواح میں بجلی چوروں کے 386 کنکشن منقطع کردیئے، نادہندگان سے 35 لاکھ 23 ہزار سے زائد ریکوری کرکے نادہندگان کے 165 کنکشن منقطع کردیئے گئے ہیں۔ حیسکو ترجمان

حیدرآباد (     ) حیسکو ترجمان کے مطابق حیسکو چیف ایگزیکٹوآفیسر نوراحمد سومرو کی ہدایات ہیں کہ سب سے پہلے صارف، ہمیں صارفین کی کیئر کرنے ہے، حیسکو ملازمین وصارفین حیسکو کے محافظ ہیں، ہمیں صارفین کو بہتر سے بہتر بجلی فراہمی کرنے ہے، اس لیئے بجلی چوری اور نادہندگان سے واجبات کی 100% وصولی ضروری ہے۔ اس سلسلے میں حیسکو ریجن کے تمام علاقوں میں بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق آپریشن ڈویژن میرپورخاص کے ایگزیکٹوانجنیئر افتخاراحمد سومرو نے آپریشن سب ڈویژنوں ہیرآباد اور سٹیلائیٹ ٹاؤن وگرونواح کے علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے بجلی چوروں کے 183 کنکشن منقطع کرکے 18 لاکھ 60 ہزار 230 روپے کی وصولی کی اور نادہندگان کے 91 کنکشن منقطع کردیئے گئے ہیں، مزید برآں نوابشاہ میں ریکوری کارروائیاں میں مزید تیزی کیلیئے ڈپٹی ڈائریکٹر نوابشاہ جلال الدین عباسی کی سربراہی میں بجلی نوابشاہ کے علاقوں میں شہداد پور-I ، اور II سب ڈویژنوں کے علاقوں میں کارروائیاں کے دوران 213 کنڈہ کنکشن کاٹ کر تاریں اپنے قبضے میں لے لیں اور نادہندگان کے 74 بجلی کنکشن واجبات کی ادائیگی نہ کرنے پر کاٹ دیئے، اور موقع پر ہی نادہندگان کو بجلی آسان اقساط بنوا کے دی گئیں، موقع پر ہی 16 لاکھ 62 ہزار 770 روپے جمع کروائے گئے۔ اور یہ کارروائیاں واجبات کی 100% وصولی تک جاری رہینگی۔ حیسکو چیف کی ہدایات پر بجلی چوروں کے خلاف محکما جاتی کارروائی عمل میں لائی جائے گی، صارفین سے خوش اخلاقی سے بات کرتے ہوئے بجلی کے بلوں کی ادائیگی کرائیں، نادہندگان کو موقع پر ہی فوری بجلی کے بلوں کی اقساط بنا کے دی جائیں. واجبات کی عدم ادائیگی اور بجلی چوری کے خاتمے تک یہ کارروائیاں جاری رہیں گی۔ آپ کے تعاون کا متمنی۔ حیسکو




حیدرآباد: حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر نور احمد سومرو کی ہدایات پر پورے حیسکو ریجن کے علاقوں میں بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں